# CANTONMENT BOARD MURREE HILLS

Tele: 051-9269212
E-mail: cbmurreehills@gmail.com

No. MSB, 37, 38/778
Dated the 13 May, 2024

To

The Director (Advertisement),
Press Information Department (PID),
B.F Building Zero Point, Islamabad.

**Subject:** **MURREE HILLS CANTONMENT PUBLIC NOTICE**

The attached advertisement is forwarded herewith for publication under classified column of advertisement of newspaper according to the requirement specified below.

| | | |
|---|---|---|
| i. | Date of Publication | on or before 16 -05-2024 |
| ii. | Number of insertion | One (01) |
| iii. | Newspaper (National Dailies) | 02 (Urdu) 01 (English) |
| iv. | Region | Rawalpindi |
| v. | Language | Urdu & English |

2. Please forward bill alongwith tear sheet of newspaper to this office for payment.

Encl: **(As above)**

**Cantonment Executive Officer**
**Murree Hills**

**Copy to:-**

**i.** Dy. Director I &III Pub Regulatory Authority,
1st floor, FBC Building Near State Bank, Sector G-5/2,
Islamabad (for publishing on website of PPRA)

**ii.** Master File

Scanned with CamScanner

# کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز

## کاروباری حضرات کے لئے خوشخبری

ہر خاص وعام خصوصاً کاروباری حضرات کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز اپنی دو عدد دکانات بمعہ گودام واقع ملٹی سٹوری بلڈنگ مال روڈ کی نیلام عام پیشگی سالانہ کرایہ کی بنیاد پر مورخہ 03 جون 2024 بوقت 11:30 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز میں منعقد کر رہا ہے۔

| نمبر شمار | تفصیل | ایریا/سائز | زر بیعانہ |
|---|---|---|---|
| 1 | دوکان نمبر 37,38 بمع گودام نمبر 07(MSB) (المعروف Mr. Cod) | 1132.875 sft (دوکانات) + 302.25 Sft (گودام) | Rs.500,000/- |

**شرائط نیلام:**

۱۔ نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات کو زرضمانت مبلغ پانچ لاکھ روپے قبل از بولی موقع پر جمع کرانی ہوگی جو کہ بولی کے بعد کامیاب بولی دہندہ کے علاوہ تمام حضرات کو واپس کر دی جائے گی۔

۲۔ کامیاب بولی دہندہ کو چھ ماہ کا کرایہ بولی کی حتمی منظوری کی اطلاع ملنے کے 07 یوم کے اندر ایڈوانس جمع کرانا ہوگا۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ ہر سال 10 فیصد کرائے میں اضافے کے ساتھ کرایہ جمع کرائے گا۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی کل بولی کا 1/4 حصہ موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ واضح رہے کہ موقع پر مذکورہ بالا کرایہ کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کنٹونمنٹ مری ہلز ضبط کر لیا جائے گا۔ دیگر کم بولی دہندگان کا زرضمانت واپس کر دیا جائے گا۔

۵۔ بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 30 یوم کے اندر چھ ماہ کا پیشگی کرایہ بطور سیکورٹی جمع کرانا ہوگا۔ بصورت دیگر پہلے سے ادا شدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز ضبط کر لی جائے گی۔ مزید براں کرایہ دار کو بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر قبضہ ملنے سے پہلے معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل کرانا ہوگی۔

۶۔ کرایہ داری کے حقوق پانچ سال کے لئے ہونگے۔ اس مدت کے اختتام پر کرایہ دار عمارت کا قبضہ کنٹونمنٹ بورڈ کے حوالے کرے گا یا تین ماہ قبل کرایہ داری حقوق کی تجدید کے لئے بورڈ کو درخواست گزارے گا۔ بورڈ میں غور وخوض کے بعد کرایہ میں مناسب اضافہ اور مجوزہ شرائط شامل کرنے کے بعد کرایہ داری کے حقوق کی مزید عرصہ 03 سال کے لئے تجدید کی جاسکتی ہے جس کے بعد مزید تجدید کی جا سکے گی۔ کرایہ میں یہ اضافہ کسی بھی صورت مروجہ مارکیٹ کرایہ سے کم نہ ہوگا۔ مزید معاہدہ کرایہ داری نہ ہونے کی صورت میں عمارت کا قبضہ بحوالہ کنٹونمنٹ بورڈ کرنا ہوگا بصورت دیگر سنٹرل گورنمنٹ آرڈیننس 1965ء اور دیگر قوانین برائے حصول قبضہ کے تحت کنٹونمنٹ بورڈ قبضہ حاصل کرنے کا مجاز ہوگا۔

۷۔ نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی دفتر ہذا میں بولی شروع ہونے سے قبل جمع کرائیں گے۔

۸۔ بولی کی حتمی منظوری بورڈ/مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔ زیر دستخطی/کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر پیپرا رولز 2004ء کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو وجہ بتا کر منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہے۔

۹۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کے لئے متعلقہ شخص کی طرف سے مختار نامہ اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

۱۰۔ کنٹونمنٹ بورڈ پراپرٹی رولز 1957ء کے تحت تمام کارروائی عمل میں لائی جائے گی نیز پیپرا کے قوانین لاگو ہونگے۔

۱۱۔ کامیاب بولی دہندہ بجلی، گیس، پانی کے کنکشن متعلقہ اداروں سے کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز کے نام پر اپنے خرچ پر خود لگائے گا جس کے لئے ضروری اجازت نامہ دفتر کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز سے حاصل کیا جا سکے گا۔ تمام بلز کی بروقت ادائیگی بھی بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ جمع شدہ بل کی کاپی ہر مہینے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں جمع کرانی ہوگی۔

۱۲۔ کوئی بھی کاروبار شروع کرنے سے پہلے تمام تر متعلقہ اداروں سے اجازت لینا ضروری ہوگا۔

۱۳۔ کامیاب بولی دہندہ کو قبضہ ملنے سے پہلے ششماہی بنیادوں پر پانچ سال تک کے ایڈوانس چیک بمع مقرر تاریخ، کنٹونمنٹ بورڈ دفتر میں جمع کروانے ہونگے۔

۱۴۔ کوئی بھی نادہندہ/بلیک لسٹ فرم یا فرد بولی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔

۱۵۔ فریقین میں کسی بھی قسم کے مسئلے کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۱۶۔ کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس بمع تمام مروجہ ٹیکسز دینے کا پابند ہوگا دیگر شرائط کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس سے دیکھی یا معلوم کی جا سکتی ہیں۔

**نوٹ۔** مذکورہ بالا تاریخ کو بولی نہ ہونے/مسترد ہونے یا خاطر خواہ نتائج نہ ملنے کی صورت میں دوبارہ بولی 04 جون 2024 کو ہوگی اور اگر اس تاریخ کو بھی بولی نہ ہو سکی تو سہ بارہ بولی مورخہ 05 جون 2024 کو ہوگی اور اس کے لئے علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

مری ہلز

Scanned with CamScanner